عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ہفت روزہ

ختم نبوت

انٹرنیشنل

WEEKLY KHATME NUBUWWAT INTERNATIONAL

جلد ۷ — شمارہ ۴۰

سیدنا ابوبکرؓ صدیق ۔ عتیق ۔ رفیق

تذکرہ ایک غیبی بشارت کا

اللہ تعالیٰ پر اعتماد و توکل

مرزا طاہر کا دادا مرزا قادیانی اور باپ مرزا محمود

بقلم خود

بندگانِ خدا کی صفات

خوشی

ایک واقعہ جس نے میری کایا پلٹ دی

جشن صد سالہ پر مرزا طاہر اور قادیانیوں کیلئے تحفہ

ایک قادیانی بیت الخلا میں مر گیا

خدائی عدالت کا فیصلہ

مرزا قادیانی جھوٹا تھا۔

ناظرین کرام مباہلہ اس کا نام ہے کہ دو فریق ایک میدان میں جمع ہو کر اللہ تعالیٰ کی عدالت میں اپنا مقدمہ پیش کریں اور اس سے استدعا کریں کہ وہ ان دونوں فریقوں کے درمیان فیصلہ کرے کہ ان میں سے کون سچا ہے اور کون جھوٹا ہے۔

چنانچہ

① مرزا غلام احمد قادیانی نے عیدگاہ امرتسر کے میدان میں ۱۰ ذیقعدہ ۱۳۱۰ھ کو مولانا عبدالحق غزنوی مرحوم و مغفور سے روبرو مباہلہ کیا

مجموعہ اشتہارات مرزا قادیانی جلد اول صہ ۴۲۷

② مولانا عبدالحق غزنویؒ کا مباہلہ اس پر تھا کہ مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے ماننے والے سب کافر ملحد دجال کذاب اور بے ایمان ہیں

مجموعہ اشتہارات مرزا غلام احمد قادیانی جلد اول صہ ۴۲۵

③ مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی وفات سے سات مہینے چوبیس دن پہلے (۲ اکتوبر ۱۹۰۷) کو کہا تھا کہ "مباہلہ کرنیوالوں میں جو جھوٹا ہو وہ سچے کی زندگی میں ہلاک ہو جاتا ہے"

ملفوظات مرزا غلام احمد قادیانی جلد ۹ صفحہ ۴۴۰

④ مرزا غلام احمد قادیانی ۲۶ مئی ۱۹۰۸ء کو مولانا عبدالحق غزنوی مرحوم کی زندگی میں مر گیا اور مولانا مرحوم کا انتقال ۹ سال بعد ۱۶ مئی ۱۹۱۷ء کو ہوا

رئیس قادیان جلد دوم صہ ۱۹۲

ناظرین کرام مباہلہ کے نتیجے میں مرزا قادیانی کا مولانا مرحوم کی زندگی میں ہلاک ہو جانا خدائی عدالت کا بے لاگ فیصلہ ہے جس سے دو اور دو چار کی طرح واضح ہو گیا کہ مرزا قادیانی جھوٹا تھا اور اس کے ماننے والے واقعی دجال و کذاب اور کافر و ملحد ہیں اگر مرزا طاہر اور قادیانی جماعت اللہ تعالیٰ کے فیصلہ پر ایمان رکھتی ہے تو ان کا فرض ہے کہ وہ اس خدائی فیصلہ کو تسلیم کرتے ہوئے اعلان کریں کہ مرزا جھوٹا تھا اور مرزائیت سے تائب ہو جائیں ورنہ دنیا یہ سمجھنے پر مجبور ہو گی کہ مرزا طاہر اور تمام قادیانی دہریے ہیں اور ان کا اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں

جھوٹے نبی کو ماننا دوزخ کا کندہ بننا ہے، مسلمان بھائیوں کو چاہیئے کہ ہر قادیانی کو دوزخ کی آگ سے بچانے کی کوشش کریں۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

مرکزی دفتر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان، فون: ۴۰۹۷۸

دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی، فون: ۷۱۱۹۷۱

دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ۱۰۳/۱۱۵۶، اسلام آباد، فون: ۸۲۹۱۸۶

دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، بالمقابل شاہ محمد غوث، بیرون دہلی دروازہ لاہور، فون: ۵۲۳۳۳۱

ہفت روزہ
کراچی
ختم نبوۃ
انٹرنیشنل

جلد نمبر ۷ | یکم تا ۷ رشعبان المعظم ۱۴۰۹ھ ۱۰ر تا ۱۶ر مارچ ۱۹۸۹ء | شمارہ نمبر ۴۰

زیرِ سرپرستی

شیخ المشائخ حضرت مولانا
خان محمد صاحب مدظلہ
امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

مجلس ادارت

مولانا مفتی احمد الرحمٰن | مولانا محمد یوسف لدھیانوی
مولانا منظور احمد الحسینی | مولانا بدیع الزمان
مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر

مدیر مسئول

عبدالرحمٰن یعقوب باوا

رابطہ دفتر

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
جامع مسجد باب الرحمت ٹرسٹ
پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی ۳
فون : ۷۱۱۹۷۱

LONDON OFFICE

35 STOCK WELL GREEN

LONDON SW9 9 HZ U.K.

Ph: 01-737-8199

سالانہ چندہ

سالانہ -/۱۵۰ روپے — ششماہی -/۷۵ روپے
سہ ماہی -/۴۵ روپے — فی پرچہ -/۳ روپے

بدل اشتراک
برائے غیر ممالک بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک

۴۵ ڈالر

چیک / ڈرافٹ بھیجنے کیلئے الائیڈ بنک
بنوری ٹاؤن برانچ اکاؤنٹ نمبر ۳۶۳ کراچی پاکستان

سرپرستان

حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب مدظلہ — مہتمم دارالعلوم دیوبند انڈیا
مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا ولی حسن صاحب — پاکستان
مفتی اعظم برما حضرت مولانا محمود داؤد یوسف صاحب — برما
حضرت مولانا محمد یونس صاحب — بنگلہ دیش
شیخ التفسیر حضرت مولانا محمد اسحاق خان صاحب — متحدہ عرب امارات
حضرت مولانا ابراہیم میاں صاحب — جنوبی افریقہ
حضرت مولانا محمد یوسف متالا صاحب — برطانیہ
حضرت مولانا محمد مظہر عالم صاحب — کینیڈا
حضرت مولانا سعید انگار صاحب — فرانس

اندرونِ ملک نمائندے

اسلام آباد — عبدالرؤف
گوجرانوالہ — حافظ محمد ثاقب
سیالکوٹ — ایم عبدالرحیم شکرگڑھ
مری — قاری محمد اسد اللہ عباسی
بہاولپور — محمد اسماعیل شجاع آبادی
سکھر — دین محمد فریدی
جھنگ — غلام حسین
ٹنڈو آدم — محمد راشد مدنی
پشاور — مولانا نورالحق نور
لاہور — مولانا کریم بخش
مانسہرہ — سید منظور احمد شاہ آسی
فیصل آباد — مولوی فقیر محمد
لیہ — حافظ خلیل احمد کروڑ
ڈیرہ اسمٰعیل خان — محمد شعیب گنگوہی
کوئٹہ بلوچستان — فیاض حسن سجاد، نذیر احمد تونسوی
شیخوپورہ / ننکانہ — محمد متین خالد
ملتان — عطاء الرحمان
سرگودھا — حافظ محمد اکرم طوفانی
حیدرآباد (سندھ) — نذیر احمد بلوچ
گجرات — چوہدری محمد خلیل

بیرونِ ملک نمائندے

قطر — قاری محمد اسماعیل رشیدی • اسپین — راجہ حبیب الرحمٰن • کینیڈا —
امریکہ — چوہدری محمد شریف تگودی • ڈنمارک — محمد ادریس • ٹورنٹو — حافظ سعید احمد
دوبئی — قاری محمد اسماعیل • ناروے — میاں اشرف جاوید • ایڈمنٹن — عامر رشید
ابوظہبی — قاری وصیف الرحمٰن • افریقہ — محمد زبیر افریقی • مونٹریال — آفتاب احمد
لائبیریا — ہدایت اللہ شاہ • بارنیشن — محمد اخلاص احمد • برما — محمود یوسف
بارباڈوس — اسماعیل قاضی • ٹرینیڈاڈ — اسماعیل ناخدا •
سوئٹزرلینڈ — اے۔ کیو۔ انصاری • ری یونین فرانس — عبدالرشید بزرگ •
برطانیہ — محمد اقبال • بنگلہ دیش — محی الدین خان •

القرآن

آدم علیہ السلام کی دعا۔

ربنا ظلمنا انفسنا .... الی اخرہ

اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے اگر تو نے ہم کو نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو البتہ ہم بڑے خسارے میں ہوں گے۔

الحدیث

ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بندہ بلا سوچے سمجھے بعض اوقات ایسی بات مُنہ سے نکال بیٹھتا ہے کہ وہ بات اسے مشرق و مغرب کے فاصلہ سے زیادہ دوزخ کی گہرائی میں پہنچا دیتی ہے۔

(بخاری و مسلم)

کسبِ معاش کے سُنہری اصُول

۱۔ کسبِ حلال فرض ہے یعنی جس کے لیئے کوئی طریق حلال کا بجز معاش کے نہ ہو۔

۲۔ سب کمائیوں میں بہتر دو چیزیں ہیں دستکاری اور تجارت یعنی غریبوں کے لیئے دستکاری اور مال داروں کے لیئے تجارت۔

۳۔ معاملہ میں صدق وامانت کا لحاظ رکھیں دغا فریب نہ کریں ورنہ اس میں برکت نہیں ہوتی۔

۴۔ معاملات میں زیادہ تنگی نہ کیا کریں کہ ایک کوڑی کے لیے رال ٹپکاتے پھریں یا ذرا سے مطالبہ کیلئے دوسروں کی جان کھائیں آدمیت اور مروت بھی کوئی چیز ہے۔

۵۔ حرام خوری کا انجام آتشیں دوزخ ہے۔

(از حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ)

تڑپ

دیدارِ روضۂ شہِ کونینؐ کے بغیر
جی بھر کے اپنی آنکھ سے روضے کو دیکھ لوں

میری تڑپ بھی بسملِ خستہ سے کم نہیں
پھر اس کے بعد موت بھی آئے تو غم نہیں

از: نیاز سواتی

نسیم قادیانی کی اقوام متحدہ میں تقرری

ابھی یہ مسئلہ ملک میں چل رہا ہے کہ ایک متعصب قادیانی کنور ادریس کو صوبہ سندھ کا چیف سیکرٹری مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس مسئلہ پر ملک بھر میں مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے جمعہ کے اجتماعات میں قرار دادیں پاس ہو رہی ہیں۔ وفاقی وزیر خان بہادر کی اور وفاقی مشیر مذہبی امور کی یقین دہانی کے باوجود معاملہ جوں کا توں ہے۔ اس سلسلہ میں تھوڑی سی بھی پیش رفت نہیں ہوئی۔ یہ مسئلہ حل طلب تھا کہ اخبارات میں یہ خبر شائع ہو چکی ہے اور اس پر احتجاجی بیانات کا سلسلہ بھی جاری ہے کہ سابق سیکرٹری اطلاعات نسیم قادیانی کو حکومت نے اقوام متحدہ میں پاکستان کا مندوب مقرر کر دیا ہے۔

اس تقرری سے عوام میں یہ بحث چل نکلی ہے کہ جب ایک شخص پاکستان پر یقین ہی نہیں رکھتا، ملک کی وحدت و سالمیت کا اپنے الہامی عقیدے (اکھنڈ بھارت) کی بنا پر مخالف ہے تو وہ اقوام متحدہ میں پاکستان کی نمائندگی کیا کرے گا؟ بلکہ وہ تو پاکستان سے زیادہ اپنے ارتدادی مذہب قادیانیت کا پرچار کرے گا اور اپنے عہدے سے خوب فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گا۔

جب ظفر اللہ انجہانی ملک کا وزیر خارجہ تھا تو اس نے ملک کو نقصان پہنچانے میں کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہ کیا اس نے دنیا بھر میں پھیلے ہوئے تمام پاکستانی سفارت خانے قادیانی جماعت کے دفتر بنا دیئے اور وہاں جو ملازم رکھے وہ قادیانی جماعت کے پرزور مبلغ تھے جنھوں نے تنخواہ پاکستان گورنمنٹ سے لی اور کام قادیانی جماعت کا کیا۔

جب کسی شخص کو کوئی اہم منصب سونپا جاتا ہے تو حکومت اس کے نظریات اور کردار کی چھان پھٹک کرتی ہے کم از کم یہ بات لازماً دیکھی جاتی ہے کہ یہ شخص پاکستان کی سالمیت پر یقین رکھتا ہے یا نہیں۔ نسیم قادیانی کی تقرری کے لیے حکومت نے اتنی زحمت بھی گوارہ نہیں کی ہمارے خیال میں جس معیار کی بنا پر اسے اس اہم منصب پر پہنچایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ!

۱۔ نسیم بھٹو مرحوم کے دور میں سیکرٹری اطلاعات رہا۔

۲۔ وہ بھٹو مرحوم اور پیپلز پارٹی کا مداح ہے۔

۳۔ وہ "سیاسی بنیاد" پر ملک چھوڑ کر چلا گیا۔

گویا پیپلز پارٹی کے پیش نظر کسی شخص کے عقائد و نظریات نہیں خواہ مسلمان ہو یا نہ ہو، خواہ وہ پاکستان کا دوست ہو یا دشمن، بھٹو مرحوم یا پیپلز پارٹی کا مداح ہونا چاہیئے اور یہی ایک بات ایسی ہے جو نہ صرف پیپلز پارٹی کے لیئے نقصان دہ ہے بلکہ ملک اور عالم اسلام کے مسلمانوں کے لیئے بھی سراسر نقصان دہ ہے۔ سانپ پھر سانپ ہوتا ہے خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ نسیم قادیانی بھی ایک سانپ ہے جو اپنے عہدے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کسی بھی وقت ڈس سکتا ہے۔

پھر پیپلز پارٹی کی یہ بھی بھول ہے کہ قادیانی بھٹو مرحوم اور پیپلز پارٹی کے مداح ہیں بھٹو مرحوم کو پھانسی دلوانے والا وعدہ معاف گواہ مسعود محمود قادیانی تھا جہاں تک مدح کا تعلق ہے پیپلز پارٹی اور اس کے راہنماؤں کے متعلق قادیانیوں کا نظریہ یہ تھا:

"یہ سب شرابی، زانی، منشیات کے اسمگلر، مرتشی، بدعنوان، غاصب، جابر، متشدد المزاج، لاف زن، شیخی خورے، سوچنے اور سمجھنے کی

باقی صفحہ ۲۶ پر

اللہ جل جلالہ تعالیٰ پر اعتماد و توکل

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی قدس سرہ

یہ اکتیس آیات اشارہ کے طور پر ذکر کی گئی ہیں۔ ہر آیت شریفہ پر اگر فائدہ اور تنبیہ لکھی جائے تو بہت طول ہو جائے۔ مشترک طریقہ سے یہ مضمون سب ہی میں مشترک ہے کہ دنیا "فان" کی جگہ ہے جس کی نہ دولت اور عزت باعث غرور و افتخار، نہ فقر و فاقہ باعث اہانت اور حقارت ہے مال کا وجود بھی موجب شکر ہونے کے ساتھ امتحان کا ایک مضمون ہے جیسا کہ فقر و فاقہ بھی موجب صبر ہونے کے علاوہ رضا کا امتحان ہے اور مال کا وجود امتحان کے اعتبار سے زیادہ سخت ہے اس لئے کہ امتحان میں آدمی بہت کم پاس ہوتے ہیں، فیل زیادہ ہوتے ہیں، اسی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک ارشاد ہے کہ مجھے تمہارے اوپر فقر و فاقہ کا اتنا خوف نہیں ہے، جتنا اس بات کا خوف ہے کہ دنیا کی فتوحات اور اس کی نعمتیں تم پر پھیل جائیں، اور تم اس میں ایسا دل لگا بیٹھو جیسا کہ پہلے لوگ اس کے ساتھ دل لگا بیٹھے۔ پس یہ آفت تمہیں بھی ہلاک کر دے جیسا کہ ان کو ہلاک کر چکی ہے اس لئے اس کے فتنہ سے بہت زیادہ بچنا چاہیئے اور ناداری اور مصائب کو بھی امتحان کی حیثیت سے برداشت کرنا چاہیئے۔

(۳) انما المومنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبھم و اذا تلیت علیھم ایتہ زادتھم ایمانا و علی ربھم یتوکلون ۝ الذین یقیمون الصلوۃ و مما رزقنھم ینفقون ۝ اولئک ھم المومنون حقا ط لھم درجت عند ربھم و مغفرۃ و رزق کریم ۝ (سورۃ الانفال)

ترجمہ:۔ (اس کے سوا دوسری بات ہی نہیں) کہ ایمان والے تو ایسے لوگ ہوتے ہیں کہ جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے (تو اس کی عظمت اور خوف سے) ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب اللہ تعالیٰ کی آیتیں ان کو پڑھ کر سنائی جائیں تو وہ آیتیں ان کے ایمان کو مضبوط کر دیں اور وہ صرف اپنے رب ہی پر توکل کرتے ہیں اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں پس ایمان والے حقیقۃً یہی لوگ ہیں ان کے لئے بڑے بڑے درجے اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں (اور ان کے لئے ان کے گناہوں سے) معافی ہے اور عزت کی روزی ہے

ف: یہ آیت شریفہ پہلی فصل کے نمبر ۱۵ پر بھی گذر چکی ہے یہاں اس لئے دوبارہ لکھی ہے کہ حقیقی مومن کی شان صرف اللہ جل شانہ، پر توکل کرنا اسی پر اعتماد کرنا، اسی پر بھروسہ کرنا، اس کے غیر کی طرف التفات نہ کرنا اس آیت شریفہ میں وارد ہے، اور اس پر درجات کا بلند ہونا، گناہوں کا معاف ہونا اور عزت کی روزی کا وعدہ مذکورہ ہے ان میں سے ہر چیز ایسی ہے کہ وہ تنہا بھی توکل پر انتہائی کوشش کا موجب ہوتی ہے، چہ جائیکہ تین ایسے اونچے وعدے اس پر اللہ جل شانہ، کی طرف سے ہوں اس کے بعد جتنی بھی اس صفت کے حاصل کرنے کی کوشش کی جائے، کم ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر توکل کا مطلب یہ ہے کہ اس کے غیر سے کوئی امید نہ رکھی جائے حضرت سعید بن جبیرؒ فرماتے ہیں، کہ اللہ پر توکل ایمان کا مجموعہ ہے۔ (درِ منثور)

اگر قرآن پاک میں صرف ایک ہی آیت اللہ پر اعتماد اور بھروسہ کے متعلق نازل ہوتی، تب بھی بہت کافی تھی۔ لیکن قرآن پاک میں اس کثرت سے اللہ پر اعتماد اور صرف اسی پاک ذات پر اعتماد کرنا اور مصائب اور حاجات میں صرف اسی کو پکارنا، اور اسی سے مدد چاہنا اسی پر نظر رکھنا وارد ہوا ہے کہ بہت کم دوسرے مضامین اتنی کثرت سے وارد ہوئے ہوں گے بار بار اسی کا حکم ہے، اور نیک اور پسندیدہ لوگوں کے احوال میں اسی کا ذکر ہے، اسی کی ترغیب ہے، اور ہونا بھی چاہیئے کہ حقیقت میں توکل توحید کا ثمرہ ہے۔ جو شخص توحید میں جتنا زیادہ پختہ ہوگا اتنا ہی اس کا توکل بڑھا ہوا ہوگا اور چونکہ توحید ہی اسلام کی بنیاد ہے، ایمان کی جڑ ہے بغیر توحید کے کوئی چیز معتبر نہیں سارے مذہب اور ساری شریعت کا مدار توحید ہی پر ہے اس لئے جتنا بھی اس کا اہتمام وارد ہو ظاہر ہے اور پھر اللہ جل شانہ، نے قرآن پاک میں اتنا اونچا پروانہ رضا، توکل پر ارشاد فرمایا ہے کہ مرمٹنے کے قابل ہے اللہ کا پاک ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے صفت محبوبیت کے برابر کوئی صفت کیا ہو سکتی ہے؟

افاداتِ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا قدس سرہ

اکابر کا علمی انہماک

عبدالغفور متعلم دارالعلوم، بری بریڈ فورڈ، انگلینڈ

اساتذہ کا احترام

اور طالب علم کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ اپنے استادوں کا غایت احترام کرے۔ مغیرہ کہتے ہیں ہم استاد سے ایسا ڈرتے تھے جیسے لوگ بادشاہ سے ڈرا کرتے ہیں۔ حدیث پاک میں یہ بھی حکم ہے کہ جن سے علم حاصل کرو ان سے تواضع سے پیش آؤ۔ اپنے شیخ کو سب سے فائق سمجھو۔

حضرت امام ابو یوسف کا مقولہ ہے کہ جو اپنے استاد کا حق نہیں سمجھتا وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ استاد کا ہر وقت خیال رکھے۔ اس کی ناراضگی سے پرہیز کرے، اتنی دیر اس کے پاس بیٹھے بھی نہیں جس سے اس کو گراں ہو۔ استاد سے اپنے مشاغل میں اور جو پڑھنا ہے اس کے بارے خاص طور سے مشورہ کرتا رہے۔ اس سے نہایت احتراز کرنا چاہیئے کہ شرم اور کبر کی وجہ سے اپنے ہم عمر یا اپنے سے عمر میں چھوٹے سے علم حاصل کرنے میں پس و پیش کرے۔

اصمعیؒ کہتے ہیں کہ جو علم حاصل کرنے کی ذلت برداشت نہیں کرے گا وہ عمر بھر جہل کی ذلت برداشت کرے گا۔ یہ بھی ضروری ہے کہ استاد کی سختی کا تحمل برداشت کرے۔ یہ نہایت اختصار سے مقدمہ اوجز سے چند اصول نقل کیے گئے ہیں اور یہ تو نہایت ہی مشہور مقولہ اور نہایت مجرب ہے کہ استاد کی بے حرمتی سے علم کی برکات سے ہمیشہ محروم رہتا ہے اور والدین کی بے حرمتی کرنے والا ہمیشہ روزی سے پریشان رہتا ہے۔ لوگ آج کل بہت ہی بے روزگاری اور معاشی پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔ لیکن وہ غور کریں گے تو اپنی جوانی کے زمانے میں والدین میں سے کسی کی بے حرمتی کی ہو گی۔ مجھے تو اس کا بہت تجربہ ہے۔ محدثین اپنے استاد کی جلالت شان پر بہت ہی زور دیتے ہیں۔

حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ افاضات یومیہ (حصہ نہم) میں فرماتے ہیں کہ جب میں حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث پڑھتا تھا تو اس زمانے میں حضرت مولانا گنگوہیؒ کے یہاں بھی حدیث کا دور شروع ہو گیا۔ اور طالب علم یہاں سے ٹوٹ ٹوٹ کر وہاں جانے لگے۔ مگر مجھے الحمد للہ کبھی اس کا وسوسہ بھی نہیں ہوا کہ وہاں چلا جاؤں۔ حالانکہ میرا یہ اعتقاد تھا اور اب بھی ہے کہ حضرت مولانا گنگوہیؒ، مولانا محمد یعقوبؒ سے علم و فضل میں بہت بڑھے ہوئے تھے لیکن باوجود اس کے جب کسی نے مجھ سے چلنے کے لیے کہا تو میں نے یہی جواب دے دیا کہ جس دن مولانا فرما دیں گے کہ میں نہیں پڑھاتا اس وقت کسی دوسرے کو ڈھونڈوں گا۔ بلا ضرورت مولانا کو نہیں چھوڑوں گا۔

اشرف السوانح میں اس واقعہ کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ بچپن میں جب کلام مجید حفظ فرما رہے تھے تو والد ماجد نے کسی وجہ سے حضرت والا کے استاد کو بدلنا چاہا۔ لیکن حضرت والا کسی طرح راضی نہ ہوئے اور مچل گئے کہ نہیں میں تو انہی سے پڑھوں گا۔ یہاں تک کہ والد ماجد صاحب مجبور ہو گئے اور انہیں استاد کو رکھنا پڑا۔ حکایات صحابہ میں لکھا ہے کہ امام ابو یوسف کا ارشاد ہے۔

ہم نے بزرگوں سے سنا ہے کہ جو استاد کی قدر نہیں کرتا وہ کامیاب نہیں ہوتا۔ حکایات صحابہ میں بہت سے قصے علمی انہماک کے باب میں اساتذہ کی قدر اور علمی انہماک کے گزر چکے اس باب کو بھی طلباء کو ضرور دیکھنا چاہیئے۔ آپ بیتی ۶/۴۴

اسی طرح حضرت شیخؒ اعتدال میں تحریر فرماتے ہیں کہ یہ طے شدہ امر ہے اور عادۃ اللہ ہمیشہ سے یہی جاری ہے کہ اساتذہ کا احترام نہ کرنے والا کبھی بھی علم سے منتفع نہیں ہو سکتا۔ جہاں کہیں ائمہ فن طالب علمی کے اصول لکھتے ہیں اس چیز کو نہایت اہتمام سے ذکر فرماتے ہیں اور محدثین نے مستقل طور پر آداب طالب کا باب ذکر کیا ہے۔ جو اوجز المسالک کے مقدمہ میں مفصل مذکور ہے اس میں اس چیز کو خاص طور سے ذکر کیا گیا ہے۔ امام غزالی نے احیاء العلوم میں اس پر مفصل بحث فرمائی ہے وہ لکھتے ہیں:

مدحِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

آسمانی کتابوں میں!

از ــــ عبدالکریم پاریکھ

معتبر انجیل "برنباس"

برخلاف اس کے انجیل برنباس جسے مسیحی اکثریت غیر معتبر، متروک و ممنوع قرار دیتی ہے، اس کا مصنف خود مسیح کا صحابی ہے اور وہ کہتا ہے.... کہ....

میں مسیح کے بارہ اولین حواریوں میں سے ایک ہوں اور رخصت ہوتے وقت یسوع نے مجھ سے کہا تھا کہ میرے متعلق لوگوں میں جو غلط فہمیاں پھیل گئی ہیں، ان کو صاف کرا اور صحیح حالات دنیا کے سامنے لا، تیری ذمہ داری ہے۔

انجیل برنباس کے شواہد

یہی وجہ ہے کہ انجیل برنباس میں مسیح علیہ السلام اناجیل اربعہ کی بہ نسبت اپنی شان میں بہت زیادہ اُبھر کر سامنے آتے ہیں اور انجیل برنباس میں ان تضادات کا عنصر بھی نہیں جو چاروں اناجیل میں اور ان کے مختلف اقوال و احوال میں موجود ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی توصیف و منقبت اور بشارت سے بھرپور "برنباس" کے چند اقتباسات مختصراً پیش ہیں۔

(۱) تمام انبیاء جن کو خدا نے دنیا میں بھیجا، جن کی تعداد ایک لاکھ ۴۴ ہزار تھی۔ انہوں نے بات کی مگر میرے بعد تمام انبیاء کی کہی باتوں پر روشنی ڈالے گا وہ خدا کا رسول ہے۔ (باب ۱۷)

(۲) محمدؐ خدا کا رسول جب آئے گا گویا خدا اس کو اپنے ہاتھ کی مہر دے گا.... وہ دنیا کی تمام قوموں کو جو اس کی تعلیم پائیں گی، نجات اور رحمت پہنچا دے گا وہ ... بت پرستی کا ایسا قلع قمع کرے گا کہ شیطان پریشان ہو جائے گا.... کہ ... وہ.... بنی اسمٰعیل میں سے ہوگا۔ (باب ۴۳)

(۳) وہ ایک ایسی صداقت کے ساتھ آئے گا جو انبیاء کی لائی ہوئی صداقت ہوگی (باب ۷۲)

(۴) سو اس کا نام مبارک محمدؐ ہے (باب ۹۷)

(۵) مگر جب محمدؐ "یعنی خدا کا مقدس رسول آئے گا تو میری بدنامی دور کر دی جائے گی.... کہ لوگ یہ جان لیں گے کہ میں زندہ ہوں اور.... اس ذلت کی موت سے میرا کوئی واسطہ نہیں۔

(۶) لہٰذا جب اللہ کا رسول آئے گا تو اس لئے آئے گا کہ ان ساری چیزوں کو صاف کر دے جن سے بے دین لوگوں نے میری کتاب کو آلودہ کر دیا۔ (باب ۱۲۴)

باوجود اس حقیقت کے کہ قرآن مجید سے پہلے کی تمام آسمانی کتابیں اب اپنی اصل شکل میں باقی نہ رہیں لیکن سلام ہو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ آپ کو ایسی کتاب عطا ہوئی جو سابقہ کتب پر "مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ" سب کتابوں پر نگہبان، محافظ ہے "لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ" جس میں آگے اور پیچھے سے کوئی غلطی آ ہی نہیں سکتی۔

"وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ"

اور یقیناً ہم اس کی حفاظت کریں گے۔

کے ساتھ ساتھ اس مبارک کتاب کا ایک وصف یہ بھی ہے۔

"إِنَّ هَٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ"

یعنی آپ سے پہلے کی تمام کتب اور انبیاء کے صحف میں اس بات کا تذکرہ آ چکا ہے۔"

شعراء کی حقیقت قرآن میں

تعریف و توصیف اور منقبت و نعت میں کلام پیش کرنا ہر آدمی کا کام نہیں۔ اس وادی میں شعراء کرام اور اساتذۂ ادب ہی اپنا جوہر دکھا سکتے ہیں لیکن شاعر جب محض شاعر ہے اور ایمان سے خالی ہے تو قرآن نے ایسے شاعروں کی خامیوں کو بے نقاب کیا۔ آیت ملاحظہ ہو:-

"وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ ۝۲۲۴ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ۝۲۲۵"

رہ گئے شاعر تو ان کی اتباع تو وہ لوگ کرتے ہیں جن کے پاس اپنی کوئی راہ نہیں ہوتی۔ ۲۲۴

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ شاعر ہر میدان میں بھٹکتے پھرتے حیران و پریشان خیال پھرتے ہیں۔ (۲۶ الشعراء آیت ۲۲۴، ۲۲۵)

اکثر پیشہ ور شاعر رنگین خیالی اور تصور کی دنیا میں گمان کے محل بناتے ہیں جن میں بہت سے خیالات کو حقیقت سے دور کا واسطہ بھی نہیں ہوتا، پھر بعضوں کی اس سے روزی روٹی بھی وابستہ ہوتی ہے۔ اس لئے عوام کو خوش کرنے کے لئے بے سر پیر کی باتیں جوڑ جاڑ کر سنا جاتے ہیں۔ اسی لئے اللہ نے شاعری کو حضورؐ کی شایان شان نہیں بتایا:- دیکھئے (۳۶۔ سورۂ یٰسین آیت ۶۹)

"وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنبَغِي لَهُ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُّبِينٌ ۝۶۹"

ہم نے اپنے نبی کو شعر شاعری نہیں سکھائی اور یہ علم ان کے شایان شان نہیں، انہیں تو نصیحت کا بھرپور

بیان کرنے والا قرآن ہم نے عطا فرمایا۔

یہی بات ۶۹۔ سورۃ الحاقۃ آیت ۴۰، ۴۱ میں بھی فرمائی:۔

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۙ۝ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۝

"یہ فرمان ایک عزت والے قاصد کا لایا ہوا ہے ۔ کسی شاعر کا قول نہیں ہو سکتا تم کو اپنے ایمان کا بہت کم دھیان رہ گیا ہے۔"

بعض اوقات شاعر عشقیہ شاعری میں ترنگ پیدا کرنے کے لئے اپنی محبوبہ کے لئے آسمان سے تارے توڑ کر لانے کی بات کرتے ہیں مگر اندھیرے میں پاؤں باہر نکالتے ان کا دم گھٹتا ہے۔ اسی طرح جنگ نامے اور لڑائیوں کے تذکرے میں تلواروں کی جھنکار کو نظم میں پرو لیں گے مگر خود کسی خطرہ کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔

سورۃ شعراء کی اگلی آیت میں فرمایا:۔

وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۝۲۲۶

(الشعراء آیت ۲۲۶)

اور شاعر لوگ جو کہتے ہیں اس پر عمل نہیں کرتے:۔

اللہ نے پیشہ ور شاعری کی اصل کمزوری بیان فرما دی لیکن چونکہ شاعری ایک فن ہے۔ اس فن کا ایک استعمال غلط ہے اور ایک استعمال صحیح ہے۔

بے ایمان۔ بے عمل۔ پیشہ ور شاعر کی شاعری ناپسند کی گئی ہے۔

ایمان والوں کی شاعری

لیکن اہل ایمان نیکی پر چلنے والے ذاکر، شاکر نیک بندے، جو شاعری کے فن میں دین کی خدمت کریں۔ انہیں پسند کیا گیا۔ جو مشرک سوسائٹی کے بازاری شاعروں کے مقابل حقیقت پسندی سے اس فن کے ذریعے دین کی خدمت انجام دیں تو بُرا نہیں، بلکہ اللہ کی رضا حاصل کرنے کا ایک اچھا ادبی اور سماجی ذریعہ ہے۔ جس کی طرف قرآن مجید میں اشارہ فرمایا گیا۔

ارشاد رب ہے:۔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ۭ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ۝

مگر جو شاعر ایمان میں داخل ہوتے ہیں اور جن کو نیکی سے لگاؤ رہتا ہے۔ پھر اللہ کا ذکر بھی بہت بہت کرتے رہتے ہیں اور نا انصاف ظالم شاعروں کے مقابلے میں شعر میں حق بات کہہ کر بدلے لیا تو ایسے ایمان والے شاعر بُرے نہیں مانے جائیں گے۔ اور ظالموں کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ لڑھکتے گرتے پڑتے ان کو اوندھے منہ کہاں جا کر پہنچنا ہے

(الشعراء آیت ۲۲۷)

اہل ایمان شاعروں کو مبارک ہو کہ اگر وہ ایمان کے ساتھ عمل صالح پر قائم رہتے ہوئے ذکر اللہ کے داعی ہو کر ظالموں کے مقابلے میں صف آرا ہوں اور اپنے اس ادبی فن کو لے کر میدان میں اتریں اور ظالموں کی ایسی درگت بنائیں کہ آنے والے اسلامی انقلاب کے مقابلے میں شعر و سخن کی دنیا میں بے ایمان اور مشرک سوسائٹی کو اوندھے منہ لٹکا دیں جیسا کہ اہل ایمان میں حضرت عائشہؓ، حسان بن ثابتؓ، کعب بن مالک، اور لبید میں عطار، رومی، سعدی، شیرازی وغیرہ نے یہ فرض انجام دیا اور نئے دور میں اقبال، مومن، حالی، علامہ شبلی عبدالعزیز خالد وغیرہ کو اس صف میں گنا جا سکتا ہے اور بھی اللہ کے بے شمار بندے ہوں گے۔

تاجدار ختم نبوت ﷺ کا عفو و درگزر

ایک دفعہ ایک یہودی اپنا قرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے وصول کرنے آیا اس نے آتے ہی آپؐ کی چادر مبارک پکڑ کر زور سے کھینچی اور کہنے لگا۔ اے نبی عبدالمطلب تم بڑے نادہند ہو۔ اس کی اس ناشائستہ حرکت پر حضرت عمرؓ کو بہت غصہ آیا اور وہ اسے سخت سُست کہنے لگے۔ آپؐ مسکراتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے اے عمرؓ میں اور وہ دونوں اس کے سوا ایک اور بھی بات کے محتاج تھے تم مجھے حسن ادا کا امر کرتے اور اسے حسن تقاضا کا۔ اس کے بعد آپ نے یہودی سے فرمایا۔ کہ تیرے اقرار میں تو ابھی تین دن باقی ہیں۔ مگر اس پر بھی آپؐ نے اسی وقت قرض ادا کر دیا اور اسے بیس صاع غلہ اور زیادہ اس وجہ سے دلا دیا کہ حضرت عمرؓ نے اسے سخت سُست کہا تھا۔ ایک مرتبہ دو یہودیوں کی کسی بات پر آپؐ ناراض ہوئے رخسار مبارک سرخ ہو گئے۔ دونوں یہودی اُٹھ کر چلے گئے بعد میں آپؐ نے ان کے پاس کچھ کھانے کی چیزیں بھیجیں تاکہ وہ یہ سمجھیں کہ آپؐ ناراض نہیں ہوئے۔ خیبر کی جنگ میں ایک یہودیہ آپؐ کو کھانے میں زہر ملا کر دیتی ہے آپؐ اسے معاف کر دیتے ہیں۔

(محمد اسلم عظیم منصوری، چونیاں)

سیدنا ابوبکر رض جنکی ولادت سے پہلے اُن کی والدہ کو ایک لڑکے صدیق — عتیق — رفیق کی بشارت دی گئی

از: مولانا مفتی غلام مرتضیٰ، شاہ کوٹ

آپ کا نام عبداللہ کنیت ابوبکر لقب صدیق عتیق ہیں۔ عتیق کی وجہ تسمیہ میں بڑا حسن جمال کی وجہ سے آپ کو عتیق کے لقب سے پکارا جاتا تھا مرہ بعض علما کہتے ہیں کہ عتیق اس وجہ سے کہتے ہیں کیونکہ ان کے نسب میں کوئی عیب نہیں تھا۔ مرہ لیکن مشکوٰۃ شریف صفحہ ۵۵۶ میں ہے حضرت عائشہ صدیقہ رض فرماتی ہیں۔ ابوبکر صدیق نبی کریم ؐ کے پاس آئے آپ نے فرمایا انت عتیق اللہ من النار یعنی تو آگ سے آزاد کیا گیا ہے لہٰذا اسی دن سے آپ کا لقب عتیق رکھا گیا لیکن مظاہر حق صفحہ ۶۶۱ جلد ۵ میں ہے چونکہ خود حدیث میں عتیق رکھنے کی وجہ صراحت کے ساتھ بیان کی گئی ہے اس لئے کوئی دوسری وجہ معتبر نہیں لغوی اعتبار سے بری عن العیوب یا حسن وجمال عتیق کے معنی آتے ہیں لیکن یہ تیسرے معنی ہی وجہ تسمیہ کے صحیح ہیں جو کہ حدیث ترمذی میں موجود ہیں۔ معانی العرش الی عوالی العرش میں علامہ زبیدی رح فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ مہاجرین وانصار نبی کریم ؐ کے پاس جمع تھے ابوبکر نے فرمایا یارسول اللہ میں نے زمانہ جاہلیت میں بھی کبھی بتوں کو سجدہ نہیں کیا ایک مرتبہ میرا والد ابوقحافہ ہاتھ پکڑ کر مجھے صنم خانہ میں لے گئے اور ایک بت کی طرف اشارہ کرکے فرمایا یہ تمہارا معبود ہے اس کو سجدہ کرو۔ اور یہ کہہ کر مجھے وہاں تنہا چھوڑ کر چلے گئے ہیں اس بت کے قریب آیا اور کہا میں بھوکا ہوں مجھے کچھ کھلا اس نے کچھ جواب نہیں دیا میں نے کہا میں ننگا ہوں مجھے کپڑے پہنا اس نے اس کا بھی کچھ جواب نہیں دیا پھر میں نے ایک بڑا پتھر اٹھایا اور کہا یہ پتھر میں تجھے مارتا ہوں اگر تو خدا ہے تو اپنے آپ کو بچا اس نے تب بھی کوئی جواب نہیں دیا تب میں نے وہ پتھر اس بت کے سر پر دے مارا جس سے اس کا سر ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا اس کے بعد وہاں میرے والد آئے اور یہ منظر دیکھ کر کہنے لگے کہ بیٹے یہ کیا کیا میں نے کہا وہی جو آپ دیکھ رہے ہیں تو وہ مجھے میری والدہ کے پاس لے گئے اور انہیں سارا واقعہ بتلایا انہوں نے کہا اس کو کچھ نہ کہو اس لئے کہ ان کے بارے میں منجانب اللہ ایک عجیب بات میرے کانوں میں ڈال گئی ہے میں نے پوچھا کہ وہ کیا بات ہے انہوں نے کہا کہ جب تیری ولادت کا وقت قریب آیا تو اس وقت میرے پاس کوئی نہیں تھا تو میں نے ایک غیبی آواز سنی جس نے یہ الفاظ کہے یا امۃ اللہ علی التحقیق ابشری بالولد العتیق اسمہٗ فی السماء الصدیق لمحمد صاحب ورفیق اخرجہ ابن عساکر بسند صحیح نبراس صفحہ ۴۸۵ اے خدا کی بندی تجھے ایک آزاد بیٹے کی خوشخبری دی جاتی ہے اس کا نام آسمانوں میں صدیق ہے اور وہ محمد ؐ کا ساتھی اور دوست ہوگا اور اسد الغابۃ صفحہ ۲۸۱ جلد ۳ میں صدیق اکبر رض کے اسلام لانے کا واقعہ اس طرح لکھا گیا ہے عبداللہ بن مسعود رض فرماتے ہیں کہ ابوبکر رض بیان کرتے تھے کہ میں نبی کریم ؐ کے مبعوث ہونے سے پہلے ایک مرتبہ یمن میں گیا اور قبیلہ ازد کے ایک شیخ وعالم کے یہاں مہمان ہوا یہ شیخ کتب سماویہ کا واقف تھا اور کتب سماویہ کے علاوہ اور علوم بھی جانتا تھا اس نے مجھے دیکھا اور کہا میرا خیال ہے کہ تم حرم کے رہنے والے ہو میں نے کہا ہاں میں حرم کا رہنے والا ہوں۔ پھر اس نے کہا تم کو قریشی سمجھتا ہوں میں نے کہا ہاں اس نے کہا صرف ایک بات رہ گئی میں نے کہا وہ کیا اس نے کہا تم اپنے پیٹ سے کپڑا کھول دو میں نے کہا میں ایسا نہیں کروں گا تم مجھے بتاؤ ایسا کیوں چاہتے ہو اس نے کہا کہ علم صادق میں مجھے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ حرم میں ایک عظیم الشان نبی مبعوث ہونے والا ہے۔ ان کے کام میں ایک جوان اور ایک ادھیڑ مدد کرینگے۔ جوان کا حلیہ یہ ہوگا اور ادھیڑ کا حلیہ یہ ہے نہایت نحیف ولاغر اندام چہرہ کم گوشت اور رنگ گندم گوں پیشانی بلند وفراخ بالوں میں مہندی کا خضاب شکم پر تل کا نشان تمہارا کیا حرج ہے اگر تم مجھے اپنا پیٹ دکھادو میں نے پیٹ سے کپڑا اٹھایا اس نے کہا رب کعبہ کی قسم وہ ادھیڑ عمر تمہیں ہو میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں اس کو یاد رکھنا وہ کیا اس نے کہا خبردار ہدایت سے انحراف نہ کرنا اور راہ راست کے تمسک کو نہ چھوڑنا اور خدا تعالیٰ جو تمہیں مال دے اس میں خدا سے ڈرتے رہنا۔ حضرۃ ابوبکر کہتے ہیں کہ یمن میں اپنے کام سے فارغ ہوکر میں دوبارہ اس شیخ کے پاس رخصت ہونے کو گیا اس نے کہا تم میرے اشعار

جو میں نے اس نبی کے شان میں کہے ہیں یاد کر دو گے میں نے کہا ہاں اس نے مجھے چند اشعار سنائے میں نے ان کو یاد کر لیا حضرت ابوبکر کہتے ہیں پھر میں مکہ واپس آیا تو نبی کریمؐ مبعوث ہو چکے تھے پس عقبہ بن ابی معیط۔ ابوجہل۔ ابوالبختری میرے پاس آئے میں نے کہا کیا کوئی مصیبت آگئی سب مل کر میرے پاس آئے ہو۔ ان لوگوں نے کہا اے ابوبکر بہت بڑا واقعہ ہو گیا۔ ابو طالب کا یتیم کہتا ہے کہ میں خدا کا بھیجا ہوا رسول ہوں۔ ہمیں صرف تمہارا خیال تھا ورنہ ہم اس کے معاملہ میں انتظار نہ کرتے۔ اب تم آگئے ہو تو تمہیں کافی ہو۔ میں نے ان کو لطائف الحیل سے ٹال دیا اور میں نبی کریمؐ کے گھر گیا اور آپ کے مکان کا دروازہ کھٹکھٹایا آنحضرت باہر تشریف لائے میں نے کہا اے محمدؐ آپ نے اپنے باپ دادا کا دین چھوڑ دیا۔ حضرتؐ نے فرمایا اے ابوبکر میں خدا کا رسول ہوں۔ تمہاری طرف بھی اور تمہارے علاوہ تمام لوگ کی طرف بھی پس تم ایمان قبول کر لو میں نے کہا آپ کے نبی ہونے کی کیا دلیل ہے حضرت نے فرمایا وہ شیخ یعنی جس سے تم نے یمن میں ملاقات کی میں نے کہا یمن میں بہت سے شیوخ کو ملا ہوں حضرت نے فرمایا وہ شیخ یعنی جس نے تمہیں اشعار سنائے تھے میں نے عرض کیا اے میرے حبیب آپ کو کس نے خبر دی آپ نے فرمایا اس بڑے فرشتے نے جو مجھ سے پہلے انبیاء کرام کے پاس آتا تھا میں نے کہا آپ ہاتھ بڑھایئے میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کر کے شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ علامہ اقبالؒ نے آپ کی تمام زندگی کے واقعات کو ایک رباعی میں بند کر دیا ہے جو کہ یہ ہے و لنعم قیل۔

> ؎ ان امن الناس بر مولائے ما
> آن کلیم اول سینائے ما

یعنی یہ بخاری و مسلم کی اس روایت کی طرف اشارہ ہے کہ ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریمؐ نے فرمایا انسانوں میں سے سب سے زیادہ جس نے میرا ساتھ دیا اور میری خدمت میں اور میری خوشنودی میں اپنا وقت اور اپنا مال سب سے زیادہ لگایا وہ ابوبکر ہیں اسی وجہ سے آپ تمام امت سے فائق اور بلند مرتبہ ہیں اور سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔

> ؎ اوکشت ملت را چو ابر

ایک سچا واقعہ

جس نے میری کایا پلٹ دی

از: شاہد تبسم سیال کوٹی، خانیوال

میں ختم نبوت کے تمام رسالے جو شائع ہوتے ہیں ان کو بڑے شوق اور محبت اور دل کی گہرائیوں سے پڑھتا ہوں میں پہلے پانچ وقت کی نماز پابندی سے پڑھتا تھا ایک رات مجھے خواب آیا کہ آسمان سے بجلی گری جس نے میرے جسم کو بالکل جلا کر راکھ کر دیا نماز فجر کا وقت تھا آنکھ کھلی تو میں نے لاحول ولا قوۃ پڑھا حد بہت پریشان ہوا کہ یہ خواب کیسا تھا تو میرے دل میں بہت ہی خوف طاری ہو گیا دن گزرتے گئے ایک دن مجھے ملتان آنے کا اتفاق ہوا تو میں قلعے کے اوپر مزار پر گیا تو وہاں ایک بزرگ ملا میں نے اس بزرگ کو خواب سنایا اس بزرگ نے کہا بیٹا تمہارے عنقریب غیر مسلم مرزائیوں کے ساتھ تعلقات ہو جائیں گے اتنے گہرے ہو جائیں گے کہ تم خود کو بھی بھول جاؤ گے مگر میں نے اس بزرگ کی بات پر غور نہ کیا اور خواب کو بھی بھول گیا۔ دن گزرتے گئے تقریباً چھ سات ماہ کے بعد میرے تعلقات مرزائیوں سے ہو گئے اور میں ان کے ساتھ گھل مل گیا اتنا گھل مل گیا کہ میں خود کو بھی بھول گیا اور نماز کی پابندی بھی جاتی رہی اور آہستہ آہستہ ہمارے تعلقات تقریباً ۲ سال کے عرصہ تک چلتے رہے اس دو سال کے عرصہ میں مجھے پھر وہی خواب آیا اور میں سمجھ گیا کہ واقعی وہ خواب سچا تھا اور جو بزرگ ملا تھا اس نے بالکل میرے خواب کی صحیح تعبیر بتائی پھر میں نے قادیانیوں کے ساتھ مکمل بائیکاٹ کر دیا اور نماز بھی پابندی کے ساتھ ادا کر رہا ہوں ختم نبوت کے رسالے بھی پڑھتا ہوں اور اب میں نے قسم کھائی ہے کہ اب ختم نبوت کا سپاہی بنوں گا اور اس مسئلہ کی خاطر کسی قسم کی بھی قربانی دینے سے گریز نہ کروں گا اس علاقے میں قادیانیوں کے ۵ گھرانے ہیں ان مرتدوں کی ناپاک حرکتوں کو قطعاً نہ بڑھنے دوں گا اور ان کا پورا پورا محاصرہ کروں گا اور اس مسئلہ کی خاطر اگر میری جان بھی چلی جائے تو کوئی پرواہ نہیں۔

> محمدؐ کی محبت دین حق کی شرط اول ہے
> اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

ثانی اسلام ۔ غار و بدر و قبر

یعنی ان کی قوت ایمانی سے ملت اسلامیہ کی کھیتی میں بہار آ گئی یعنی یہ اشارہ ہے آپ کے وصال کے بعد جب فتنوں کا بازار گرم ہوا خاص کر تین فتنے ۱ منکرین زکوٰۃ ۲ مرتد باغی عن الاسلام ۳ منکرین ختم نبوت ایسے وقت میں صدیق اکبرؓ کی وجہ سے اسلام کی کھیتی مرجھانے سے محفوظ رہی ۔ ازالہ الخفا ، صفحہ ۳۸ ج ۱ میں شاہ ولی اللہؒ محدث دہلوی فرماتے یعنی اس حادثہ کی خبر جو نبیؐ کی وفات کے وقت پیش آیا اور آپ کی وفات کے بعد بہت ترقی کر گیا ۔ اور اللہ تعالیٰ نے غیب الغیب میں اس کے ختم کے لئے جو تدبیر مقرر فرمائی تاکہ جس وقت یہ فتنہ نمودار ہو ان کو دلوں میں اضطراب نہ ہو ۔ اور اس فتنہ کو ختم کرنے میں اپنی سعادت سمجھیں ۔ بہرحال یہ آفت عظیم اسلام پر آئی کہ تین فرقے مرتد ہو گئے صدیق اکبر نے تینوں فتنوں کے خلاف جہاد کا اعلان فرمایا اسی وجہ سے ابوبکر بن عیاشؒ فرماتے ہیں کہ پیغمبروں کے بعد کوئی شخص ابوبکر سے افضل پیدا نہیں ہوا اہل ردّت سے لڑنے میں انہوں نے وہ کام کیا جو ایک نبی کرتا ہے ۔ بہرحال اقبال اسی کی طرف اشارہ کرتا ہے اور ثانی اسلام اور ثانی اثنین کے وقیع لقب سے آپ کو پکارتا ہے ۔

بہرحال اللہ تعالیٰ صدیق اکبر کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں ۔

بندگانِ خدا کی چند صفات

قرآن کریم کی نظر میں

از: مولانا عبدالرؤف رحمانی ۔

ایک واقعہ

حافظ ابن عساکر نے اپنی کتاب میں ایک بڑا عجیب واقعہ نقل کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ ایک آدمی کا بیان تھا کہ میں خچر پر لوگوں کو دمشق زیدانی لے جایا کرتا تھا اسی کرایہ پر میری زندگی بسر ہوتی تھی ایک بار ایک اجنبی شخص نے میرے خچر کو کرایہ پر لیا میں نے اسے سوار کرایا اور چلا ایک جگہ جہاں دو راستے تھے وہاں پہنچ کر اس نے کہا کہ اس راہ پر چلو چونکہ یہ راہ میرے لئے اجنبی تھی اس لئے میں نے معذرت کی کہ اس راہ سے میں واقف نہیں ہوں سوار نے کہا کہ میں اچھی طرح واقف ہوں بہت نزدیک راستہ ہے میں اس کے کہنے سے اسی راستہ پر چلنے لگا تھوڑی دور پہنچ کر ایک لق و دق میدان دیکھا جگہ جگہ لاشیں پڑی ہوئی تھیں سامنے خوفناک جنگلات کا سلسلہ دور تک چلا گیا تھا یہاں پہنچ کر اس نے کہا کہ مجھے یہاں سواری سے اتار دو میں نے سواری کی باگ تھام لی وہ شخص اتر پڑا اور اتر کر اپنے تہبند دانتوں تک چڑھا لئے اور چھری نکال لی اس کے خوفناک ارادہ کو بھانپ کر میں بھاگنے لگا اس نے تعاقب کیا اور مجھے پکڑ لیا میں نے ہزار منت سماجت کی لیکن وہ کسی طرح مجھے معاف کرنے کے لئے تیار نہ ہوا میں نے اس سے عاجزانہ درخواست کی کہ یہ میرا سارا اثاثہ لے کر میری جان بخش دے لیکن اس نے ایک نہ سنی اور میری جان کے درپے رہا بالآخر میں نے اس سے آخری التجا کی کہ مجھے دو رکعت نماز ادا کرنے کی مہلت عطا کرے اس نے مجھے مہلت دے دی اب نماز تو میں نے شروع کر دی لیکن مارے خوف کے قرآن پاک میں سے ایک لفظ زبان سے نہ نکل سکا یوں ہی دہشت زدہ کھڑا رہا اچانک یہ آیت میری زبان پر آ گئی ۔

امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء (نمل)

یعنی خدا ہی ہے جو بے قراروں کے بے قراری میں ان کی دعائیں سنتا اور قبول کرتا ہے ۔ اس آیت کریمہ کا جاری ہونا تھا کہ میں نے دیکھا کہ بیچوں بیچ جنگل سے ایک تیز سوار نمودار ہوا جس کے ہاتھ میں ایک نیزہ تھا بڑی تیزی سے وہ ہماری طرف بڑھتا چلا آ رہا تھا اور بغیر کچھ کہے اس ڈاکو کے پیٹ میں اس کو پیوست کر دیا جو جگر کے آر پار ہو گیا ڈاکو نے وہیں دم توڑ دیا سوار جب جانے لگا تو میں سامنے آ گیا اور ان سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ اس نے کہا کہ میں اُن کا فرستادہ ہوں جو بے کسوں کی فریاد اور مظلوموں کی آہ سنتا ہے ۔

میں نے خدا کا شکر ادا کیا اور اپنا مال و اسباب لے کر صحیح سالم واپس آ گیا (تاریخ ابن عساکر)

خوف و طمع سے ملی جلی کیفیات سے دعا مقبول ہوتی ہے ۔

ایک طرف اس کی ناراضگی کا خوف دامنگیر ہو تو دوسری

صرف اس کی خوشنودی کی خواہش دل میں موجزن ہو جب یہ دونوں کیفیتیں انسان کے دل میں پیدا ہوں گی تو وہ انتہائی ادب و احترام سے دعا کریگا۔

قرآن مجید میں یہی صفت مومنین کی بیان فرمائی گئی ہے ارشاد ہے۔

ویدعون ربھم خوفا وطمعاً۔ (سجدہ)

یعنی مومن بندے اپنے رب کو خوف و امید سے پکارتے ہیں معلوم ہوا کہ آہ و زاری بے قراری والی دعا کی قبولیت میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے سچ فرمایا ڈاکٹر علامہ اقبال مرحوم نے ہے

بات جو دل سے نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

یقینِ قبولیتِ دعا کیلئے ایک شرط ہے

امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ ایک بار حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیمار ہوئے اور امیر المومنین حضرت عثمانؓ عیادت کے لئے تشریف لائے اور پوچھا کہ ماتشتکی آپ کو کیا شکایت ہے فقال ذنوبی۔ فرمایا گناہوں کے بوجھ کی تکلیف ہے فرمایا ماتشتھی یعنی آپ کی خواہش کیا ہے فرمایا بس رحمت خداوندی کی ضرورت ہے پوچھا کوئی طبیب و حکیم علاج کے لئے بھیج دوں فرمایا کہ میرے لئے طبیب کامل حق تعالیٰ ہی ہے اور وہی شفا بھی دے سکتا ہے پھر حضرت عثمانؓ نے سوال کیا کہ کیا آپ کے لئے کچھ عطیہ اور وظیفہ روانہ کردوں فرمایا بس اس کی ضرورت نہیں حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ آپ کی ضرورت نہ ہوئی تو آپ کی صاحبزادیوں کے کام آئے گا حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا

اتخشٰی علی بناتی الفقر انی امرتھن ان یقرئن

باقی صفحہ ۲۶ پر

آپ کے مسائل

ضبط و ترتیب مولانا منظور احمد الحسینی

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی مدظلہ

قادیانی مسجد میں داخل نہیں ہوسکتا

س۔ اگر کوئی قادیانی، ہماری مساجد میں آکر الگ ایک کونے میں جماعت سے الگ نماز پڑھ لے ہم اس کو اس کی اجازت دے سکتے ہیں کہ ہماری مسجد میں اپنی مرضی سے نماز پڑھے۔

ج۔ کسی غیر مسلم کا ہماری اجازت سے ہماری مسجد میں اپنی عبادت کرنا صحیح ہے، نصاریٰ نجران کا جو وفد بارگاہ نبویؐ میں حاضر ہوا تھا انہوں نے مسجد نبوی (علی صاحبہ الف الف صلوٰۃ وسلام) میں اپنی عبادت کی تھی یہ حکم تو غیر مسلموں کا ہے لیکن جو شخص اسلام سے مرتد ہوگیا ہو اس کو کسی حال میں مسجد میں داخلے کی اجازت نہیں دی جاسکتی اسی طرح جو مرتد اور زندیق اپنے کفر کو اسلام کہتے ہوں جیسا کہ قادیانی مرزائی ان کو بھی مسجد میں آنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

قادیانی نوازوں کے بارے میں مفید مشورہ

بعد از سلام عرض ہے کہ ہمارے علاقہ میں کچھ مرزائی رہتے ہیں جب ہم نے ان کے خلاف ہم شروع کی تو کچھ لوگوں نے تو ہمارا ساتھ دیا لیکن بعض نے ہماری مخالفت کی۔ ہمیں برا بھلا کہا لیکن ہم نے ان کی پرواہ کئے بغیر کام کیا۔ مخالفوں نے مرزائیوں کی حمایت کی ان کو پناہ دی ان کو کاروبار چلانے کے لئے جگہ دی ان کی ہر ممکن امداد دی۔ ان سے ہر قسم کا برتاؤ کیا ان کے ساتھ کھانا کھایا چائے پی ہم نے ان کو ٹوکا تو ہمارے خلاف ہوگئے آپ برائے مہربانی قرآن وسنت کی روشنی میں ان سوالوں کا جواب دیں۔

۱۔ مرزائی نوازوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

۲۔ ہمیں مرزائی نوازوں کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہئے؟

۳۔ مرزائی نواز مسجد میں نماز پڑھتے ہیں کیا ان کو مسجد میں نماز پڑھنے دینا چاہئے؟

۴۔ کیا مرزائی نوازوں کا ایمان خطرے میں نہیں ہے

ان سوالوں کا جواب جلدی دیں شکریہ ہم رسالہ ختم نبوت مسلسل ڈھائی ماہ سے پڑھ رہے ہیں اس کا انتظار رہتا ہے ان سوالوں کا جواب جلدی اور ضرور دیں۔

ج۔ ان بے چاروں کو مرزائیوں کے عقائد کا علم نہیں ہوگا یا مرزائیوں نے ان کو کسی تدبیر سے جکڑ رکھا

ہو گا میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ ان کو مرزائیوں کے عقائد بتائیں اور میرا رسالہ مرزائیوں میں اور دوسرے غیر مسلموں میں کیا فرق ہے ؟ ان کو پڑھائیں اور سنائیں ان سے نفرت نہ کریں اور نہ ان کو مسجد میں آنے سے روکیں بلکہ حسن اخلاق سے ان کو اپنا رفیق کار بنانے کی کوشش کریں۔ والسلام

نامحرم سے پردہ اور داڑھی منڈے کی امامت

عقیل احمد، کراچی

س:۔ اسلام میں کسی غیر محرم عورت سے مرد کو پردے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب:۔ نامحرم سے پردہ فرض ہے۔

س:۔ قرآن و حدیث کی رو سے عورت کسی غیر محرم سے اپنا کوئی رشتہ جوڑ سکتی ہے اور پردہ کا کیا حکم ہے۔

جواب:۔ رشتہ کی تفصیل لکھی جائے۔

س:۔ ہمارے مذہب اسلام کی رو سے اگر کسی مسجد میں جماعت کے لئے اور متقی لوگ موجود ہوں اور ایسا شخص جو کہ مذہبی پابندیوں کا جان بوجھ کر خیال نہ کرے تو ایسا شخص جماعت کی امامت کرسکتا ہے اور جن لوگوں کو اس شخص کی حقیقت کا علم ہو تو ان کی نماز اس شخص کے پیچھے ہو جاتی ہے یا نہیں؟

جواب:۔ جو شخص گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو (مثلاً داڑھی کٹاتا) ہو اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔ اور اس کو امام بنانے کی وجہ سے تمام اہل مسجد گنہگار ہیں۔

مرزا طاہر کے خط کا کھرا کھرا جواب

تحریر: مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب، مفتی اعظم بمبئی انڈیا

اس لئے ہم آپ کو قادیانی کے نام نہاد علم و معارف اور روحانی خزائن کی سیر کراتے ہیں شاید اس طرح بات کچھ بنے اور آپ حضرات مرغے کی ایک ٹانگ والی رٹ لگانے سے باز آجائیں شرم و حیا کا ذرا بھی عنصر ہو تو یقیناً ایسا ہی ہونا چاہئے۔

جناب مرزا طاہر صاحب آپ کا یہ خط ثابت کر دیتا ہے کہ شاید آپ نے اپنے آنجہانی دادا (جہنم مکانی) باپ کی تحریریں بھی نہیں پڑھیں ویسے یہ قریب شیطانی وساوس اور خرافات کا مجموعہ ہونے کی وجہ سے اس قابل بھی نہیں کہ کوئی معقول آدمی انہیں پڑھ کر وقت ضائع کرے مگر آپ کا معاملہ دوسرا ہے آپ اس گدی کے جانشین ان نام نہاد مقدس ماتوں کے وارث ہیں لہٰذا آپ کو تو ایک ایک حرف حفظ ہونا چاہئے اس لئے بظاہر یہ گمان نہیں ہوتا کہ خود اپنے باپ اور دادا کے اقوال سے بھی اتنے جاہل ہوں گے لامحالہ یہ کہنا پڑتا ہے کہ فریب و دجل کا ایک حربہ اور اہل اسلام کے خلاف سازش ہے جس کا اظہار مباہلہ کے چیلنج کے عنوان سے کیا گیا ہے ہم اس سلسلے میں افوض امری الی اللہ کہتے ہوئے آپ کو بتانا چاہتے ہیں کہ قرآنی طریقہ مباہلہ جس کی نشاندہی ہم پہلے کر چکے ہیں اور جس کی طرف دعوت کو آپ لوگ قبول کرنے پر آمادہ نہیں جہنم مکانی

مرزا قادیانی نے نہ صرف یہ کہ اس طرح وقت اور مقام مقرر کرنے کا اعلان کیا بلکہ مقام و وقت کا تعین کرکے مولانا عبدالحق غزنوی کے روبرو خود میدان مباہلہ میں حاضر بھی ہوا اور اسی کے نتیجہ میں جھوٹا ثابت ہو کر سچے عبدالحق کے سامنے بمرض وبائی ہیضہ ہلاک ہو گیا اور مولانا عبدالحق مرحوم ہی نہیں انگریز بہادر کے اس خود کاشتہ پودے اور فرنگی سامراج کے اس ایجنٹ نے متعدد علماء کو بھی اسی طرح تاریخ اور مقام طے کرکے مباہلہ کے لئے میدان مباہلہ میں آنے کی دعوت دی یہ الگ بات ہے کہ چیلنج کے باوجود مولانا عبدالحق مرحوم کے بعد پھر مرزا قادیانی کسی کا سامنا کرنے کی ہمت نہ کر سکا اعلان مباہلہ بجواب اشتہار عبدالحق غزنوی و ملہمہم جلال الدین شمس کے لفظوں میں ہم سے سنئے اور پھر خود پڑھ بھی لیجئے مباہلہ دہم ذی قعدہ بصورت بارش ۱۱ ذی قعدہ ۱۳۱۰ھ کو عید گاہ میں جو مسجد خان بہادر محمد شاہ مرحوم کے قریب ہے دو بجے شام کو ہو گا ذرا مرزا طاہر پیدم اور ۱۰ ذی قعدہ کیا تاریخ کے تعین کے علاوہ کچھ اور ہے یہ عید گاہ کا ذکر مقام مباہلہ کی تعیین نہیں ہے اور دو بجے شام کے وقت مباہلہ کے تعین کے علاوہ اور کیا کہا جائے گا! اور پھر اسی اشتہار میں مولانا محمد حسین رحمۃ اللہ علیہ کے لئے یہ جملہ بھی پڑھیے

محمد حسین بٹالوی کا فرض ہے کہ میدان میں مباہلہ کے لئے تاریخ مقررہ پر امرتسر آ جاوے۔ یہ آپ کے خود ساختہ اور روحانی پیشوا کا جملہ ہے جس میں تاریخ مقررہ پر میدان مباہلہ میں آنے کو فرض کہا گیا ہے ہم بھی آپ کو اسی طرح تاریخ اور میدان و مقام کی تعیین کر کے دعوت دیتے ہیں آپ شاید یہ جھوٹ بولنے میں بھی باک محسوس نہ کریں کہ مولانا عبدالحق سے مباہلہ ہی نہیں ہوا تھا! بطور پیش بندی عرض ہے کہ اپنے روحانی خزائن کی سیر کیجئے اور جلال الدین شمس کے یہ الفاظ پڑھیے "اور عبدالحق غزنوی اس نے مجھ سے مباہلہ چاہا مدت تک اعراض کرتا رہا آخر بنہایت اصرار پر مباہلہ ہوا" آپ کو علم ہوگا کہ عیسائیوں کو بھی مباہلہ کی دعوت مرزا قادیانی نے دی تھی اور بغور سنئے میدان مباہلہ اور روبرو مباہلہ کے لئے حاضر ہونے کا اس میں بھی اظہار تھا میدان والا جملہ سنئے۔

"اگر ایک سال تک ایسا آدمی جو مباہلہ کے میدان میں کوئے آسمانی قوت سے سزایاب نہ ہو جاوے"

کیا یہ جملہ میدان مباہلہ کا تعین نہیں کرتا آپ کی تسلی کے لئے اسی صفحہ کی ایک اور عبارت پیش ہے۔

"ہم دو فریق میں سے جو اس وقت مباہلہ کے میدان میں حاضر ہیں جو فریق جھوٹے اعتقاد کا پابند ہے اس کو ایک سال تک بڑے عذاب سے ہلاک کر"

مرزا صاحب بالقابہ یہ جملہ بھی آپ کے دادا کا ہے جو میدان مباہلہ کی تعیین اور دونوں فریق کا وہاں حاضر ہونا بتاتا ہے۔ اس سے اگلی سطر پر بھی ایک نگاہ ڈال لیں

"مرزا گویا ہے غرض ہر ایک فریق ہم میں سے اور عیسائیوں میں سے دعا کرے اس طرح پر کہ اول ایک فریق بددعا کرے اور دوسرا آمین کہے پھر دوسرا فریق دعا کرے اور پہلا آمین کہے۔"

قادیانی پنڈتوں کو بلا کر پوچھ لیجئے کہ یہ عبارت

ڈر تھا کہیں قتل ہو نہ جاؤں میں
روتے مرید چھوڑ کے لندن میں جا بسا
فلا بے ملا رہا ہے، زمین و آسمان کے
دی دعوتِ مباہلہ پھر بل میں جا گھسا

مرزا طاہر

قلم برداشتہ

کیا مفہوم رکھتی ہے مزید سنئے اسی کتاب کے اوراق پلٹئے علماء اسلام کو مباہلہ کا چیلنج دیتے ہوئے آپ کے دادا گوپال کرشن اوتار کلکی و اسے جے سنگھ بہادر مرزا قادیانی کے الفاظ ہیں کہ۔

"اور یوں ہوگا کہ تاریخ اور مقام مباہلہ کے مقرر ہونے کے بعد میں ان تمام الہامات کو جو پرچہ میں لکھ چکا ہوں اپنے ہاتھ میں لے کر میدان مباہلہ میں حاضر ہوں گا۔"

حضرت مرزا طاہر صاحب اگر آپ کا حال وہ نہیں ہو چکا جو آخری ایام میں آپ کے آنجہانی والد مرزا محمود کا ہو گیا تھا تو آپ سمجھ سکتے ہیں کہ یہ عبارت بھی تاریخ مقام میدان مباہلہ اور روبرو حاضر ہونے کو واضح کر رہی ہے [illegible] اور یہ عبارت بھی ملاحظہ کیجئے۔ "اے خدائے علیم و خبیر اگر تو جانتا ہے کہ یہ الہامات جو میرے ہاتھ میں ہیں تیرے ہی الہام ہیں اور تیرے ہی منہ کی باتیں ہیں تو ان مخالفوں کو جو اس وقت حاضر ہیں" کیا یہ دونوں عبارت فریقین کا میدان مباہلہ میں حاضر ہونا ظاہر نہیں کرتیں اس سے اگلے صفحہ کو دیکھئے آپ کے دادا کے الفاظ ہیں۔

"میں یہ بھی شرط کرتا ہوں کہ میری دعا کا اثر صرف اس صورت میں سمجھا جائے کہ جب تمام وہ لوگ جو مباہلہ کے میدان میں بالمقابل آ دیں۔"

